| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان اور حالاتِ زندگی کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مختصر تعارف بیان کریں۔ ان سے سوال کریں: یارِ غار کسے کہا جاتا ہے؟ ان سے جوابات لیں اور درست جواب پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر ۲۷ کے پہلے پیراگراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اصل نام عبداللہ، ابو بکر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت اور لقب صدیق تھا۔ عربی زبان میں ابو کا معنی ہے "والا" اور بکر کے معنی "اولیت" کے ہیں۔ پس ابو بکر کے معنی ہیں "اولیت والا"۔ چونکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لانے میں پہل کرنے والے، مال خرچ کرنے میں پہل کرنے والے اور ہمارے نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر معاملے میں مشاورت کرنے میں پہل کرنے والے تھے اس لیے آپ کو ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہا گیا۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

| نام: عبداللہ | والد کا نام: عثمان | لقب: صدیق | قبیلہ: بنو تیم |
|---|---|---|---|

## حضرت ابو بکر صدّیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ

| کنیت: ابو بکر | والدہ کا نام: سلمٰی | پیشہ: تجارت |
|---|---|---|

- طلبہ کو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان کے تعارف کی بلند خوانی کروائیں اور انھیں حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دینی خدمات ذہن نشین کروائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تصدیق | تَص۔ دیق | کسی چیز کے سچ ہونے کی گواہی |
| لقب | لَ۔ قب | وہ نام جو کسی صفت کی وجہ سے مشہور ہو جائے۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ا) طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

سیرت کی مستند کتاب سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ اور کمرا جماعت میں مکالمے کی صورت میں بتائیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبولِ اسلام اور صدیق کا "لقب" حاصل ہونے کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اسلامی تاریخ کے مطالعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعثت سے قبل ہی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ گہرے دوستانہ مراسم تھے۔ مردوں میں سب سے پہلے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۷ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- اُنھیں بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ کئی تجارتی سفر کیے آہستہ آہستہ یہ تجارتی تعلق گہری دوستی میں بدل گیا۔
- طلبہ سے سوال کریں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے جب نبوّت کا اعلان کیا تو مردوں میں سب سے پہلے کون اسلام لایا۔ طلبہ سے جوابات لیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں صدیق کا لقب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تب ملا جب حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو معراج کے سفر میں آسمانوں کی سیر کرائی گئی تو آپ خاتم النبیین ﷺ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا کہ میرے اس سفر کو کوئی تسلیم نہیں کرے گا۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی آپ خاتم النبیین ﷺ کی تصدیق ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کریں گے

کیونکہ وہ صدیق ہیں۔ یہ بات سچ ثابت ہوئی جب کفارِ مکہ نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے سفر معراج پر یقین نہ کیا تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سارا واقعہ سن کر کہا اگر حضور اکرم خاتم النبیین ﷺ کی زبان مبارک سے سفر معراج کے الفاظ نکلے ہیں تو یہ سب سچ ہے۔ ایک اور موقع پر خود نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق کہا۔ مروی ہے کہ آپ خاتم النبیین ﷺ جبلِ اُحد پر گئے اور آپ خاتم النبیین ﷺ کے ہمراہ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے۔ اُحد پہاڑ ہلنے لگا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے پاؤں کی ٹھوکر لگائی اور فرمایا اے اُحد ٹھہر جا! تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید موجود ہیں۔ (سنن ابی داؤد: حدیث ۴۶۵۱)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سعادت | س۔ عا۔ دَت | خوش نصیبی |
| معراج | مِع۔ راج | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا آسمان پر جانا اور تجلیاتِ الٰہی کا نظارہ |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6 منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (۳) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5 منٹ**

حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت کے بارے میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و کردار سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عام الفیل کے تقریباً تین سال بعد مکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بچپن ہی سے کفر و شرک، بت پرستی اور دیگر حرام اشیا سے دُور رہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۷ سے "سیرت و کردار" کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بچپن ہی سے نیک عادات کے مالک تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہایت سادہ زندگی بسر کی۔ عاجزی اور انکساری کا جذبہ بے پناہ تھا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یتیموں، مسکینوں اور ضرورت مندوں کی مدد کرنے والے تھے۔

  آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت سے غلاموں کو خرید کر آزاد کروایا جن میں سے دینِ اسلام کے پہلے مؤذن حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی شامل تھے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پیشہ | پے۔ شَہ | کام |

| | | |
|---|---|---|
| تاجر | تا۔جِر | تجارت کرنے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سوال کریں:

- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سیرت و کردار پر روشنی ڈالیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت خلق سے متعلق کوئی واقعہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔